# ماڈل پیپر "مبادیات ہوم اکنامکس"

## برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔I (جماعت نہم)

### حصہ معروضی

وقت: 20منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر:15

سوال نمبر1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4(چار) ممکنہ جواب A، B،C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A،B،C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔ 15

(i) ہوم اکنامکس ایک ایسی سائنس ہے جس کو پڑھنے سے۔

(الف) اپنے ذرائع کو بہتر طریقے سے استعمال کر سکیں　(ب) رہنا سہنا بہتر کر سکیں

(ج) گھروں کو صاف ستھرا رکھ سکیں　(د) معاشرہ کی تربیت کر سکیں

(ii) اپنے آپ کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے۔

(الف) اپنے ذرائع آمدن کو سمجھنا　(ب) اپنی شخصیت کا جائزہ لینا

(ج) روزمرّہ کے کاموں کا جائزہ لینا　(د) اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنا

(iii) دو تین سال کا بچہ عموماً۔

(الف) گھر کے کاموں میں دلچسپی لیتا ہے　(ب) بری عادتیں سیکھتا ہے

(ج) اپنے کام خود کرنے کی عادت　(د) فیڈر میں دودھ پیتا ہے

(iv) بچہ عموماً انگوٹھا اس وقت چوستا ہے جب۔

(الف) اسے بھوک ہو　(ب) جب وہ تھک جائے، خوفزدہ ہو

(ج) ماں کو تنگ کرنے کے لئے　(د) شرمندگی سی ہو

(v) زندگی میں انسان کی کامیابی کا زیادہ انحصار ہوتا ہے۔

(الف) اپنی خوشی پر　(ب) آپ کے معیار سے　(ج) اپنی شخصیت پر　(د) معاشرے کی سوچ پر

(vi) دُنیا میں بہت سے مشکل مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

(الف) دوسروں کو نہ سمجھنے سے　(ب) حالات سے سمجھوتہ نہ کرنے سے

(ج) بزرگوں کی بے ادبی کرنے سے　(د) زیادہ خرچ کرنے سے

(vii) بچوں کے اچھے اور برے ہونے کا انحصار ہوتا ہے۔

(الف) آپ کے وسائل پر　(ب) گھریلو ماحول پر　(ج) سکول کی تربیت　(د) ان کی اچھی بری تربیت پر

(viii) مناسب اور موزوں لباس سے مراد ایسا لباس ہے جو۔

(الف) موٹا اور اچھا ہو　(ب) خوبصورت ہو　(ج) موسم اور موقع محل کے مطابق ہو　(د) مہنگا ہو

(ix) افقی خطوط احساس دلاتے ہیں۔

(الف) لمبائی کا　(ب) گولائی کا　(ج) چوڑائی کا　(د) تنگی کا

(x) ٹھنڈے رنگ کہلاتے ہیں۔

(الف) سرخ۔ نیلا۔ سبز　(ب) نیلا۔ سبز۔ سفید　(ج) بھورا۔ نیلا۔ پیلا　(د) سرخ۔ پیلا۔ نیلا

(xi) قدرتی ریشوں میں سب سے مضبوط ریشہ ہے۔

(الف) اون (ب) ریشم (ج) سوتی کپڑا (د) لینن

(xii) ڈرائی کلین کا مطلب

(الف) پانی کے بغیر دھونا (ب) صابن کے بغیر دھونا (ج) داغ دور کرنا (د) مشین میں دھونا

(xiii) کپڑوں کی دیکھ بھال اور حفاظت کا بنیادی فائدہ۔

(الف) کپڑوں کی مضبوطی (ب) رنگ پکے رہتے ہیں (ج) پھپھوندی سے بچاؤ (د) وقت، قوت اور رقم کی بچت

(xiv) لمبے قد کی لڑکی کے لئے موزوں خطوط۔

(الف) چوڑے (ب) عمودی (ج) گول (د) باریک

(xv) سکول جانے والے بچوں کا یونیفارم ہونا چاہئے۔

(الف) سوتی کپڑے (ب) ریشمی (ج) لینن (د) مکس کپڑا

# ماڈل پیپر "مبادیات ہوم اکنامکس"

## برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ-I (جماعت نہم)

### حصہ انشائی

وقت: 2110 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 60

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 18 (اٹھارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔　　18x2=36

## حصہ اول

**سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ہوم اکنامکس اور معاشیات کا کیا تعلق تھا۔

(ii) کچھ بچے گالی کیوں دیتے اور بد زبانی سیکھ جاتے ہیں ان کا علاج کیا ہے۔

(iii) دوستوں کے ساتھ اچھے تعلقات کس طرح بنا سکتے ہیں۔

(iv) عمودی دھاریاں کونسا احساس دلاتے ہیں۔

(v) پارچہ بافی کے نباتاتی ذرائع کونسے ہیں۔

(vi) آپ کی زندگی میں کامیابی کا راز کس پر ہوتا ہے۔

(vii) فیشن کو اپناتے وقت کون سی اقدار کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

(viii) اپنے اساتذہ کے ساتھ سلوک کے دو نکات لکھیں۔

(ix) انفرادی شخصیت سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ماحولیاتی تعلیم سے کیا مراد ہے۔

(ii) آرٹ بچے کے احساسات کی ترجمانی کس طرح کرتا ہے۔

(iii) ثانوی رنگ کونسے دو رنگوں کو ملانے سے حاصل ہوتے ہیں۔

(iv) ریشمی کپڑے کی دو خصوصیات لکھیں۔

(v) موزوں لباس میں آرٹ کے اصول کی وضاحت کریں۔

(vi) کن حالات کے تحت بچے چیزیں چرانے کی طرف مائل ہوتا ہے۔

(vii) ریشم کے کیڑے کا مختصر دور حیات بیان کریں۔

(viii) مختلف رنگ شخصیت پر کیا اثر رکھتے ہیں۔

(ix) انکساری کی تعریف کریں۔

**سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

(i) ہوم اکنامکس کی تعلیم لڑکیوں کے لیے کیوں ضروری ہے۔

(ii) بچوں کے سزا واحد علاج نہیں ہے کیوں؟

(iii) آپ اپنے استادوں کے ساتھ اچھے تعلقات کس طرح بنا سکتے ہیں۔

(iv) خوش باش اور دلکش شخصیت کا لباس کیسا ہونا چاہیے۔

(v) لینن کے ریشے سے دھاگہ کیسے تیار ہوتا ہے۔

(vi) بچوں کے بستر گیلا کرنے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے۔

(vii) بچے کس قسم کے خوف محسوس کرتے ہیں۔

(viii) مستقبل کے بارے میں باخبر ہونے سے کیا مراد ہے۔

(ix) گھریلو خواتین کو کس قسم کا لباس منتخب کرنا چاہیے۔

## حصہ دوم

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3=24

سوال نمبر5- چھوٹے بچوں کو محبت اور تحفظ کی کیوں ضرورت ہوتی ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔

سوال نمبر 6 - چھوٹے بچوں کے عام طور پر کون سے مسائل ہوتے ہیں اور ان کو کیسے حل کیا جا سکتا ہے؟

سوال نمبر7- کردار اور شخصیت کی پختگی کیونکر حاصل کی جا سکتی ہے؟

سوال نمبر8- موزوں لباس کے انتخاب میں آرٹ کے اصولوں کی اہمیت بیان کریں۔

سوال نمبر 9- کپڑوں کی دیکھ بھال اور حفاظت کیونکر ضروری ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔